28 جنوری تا 3 فروری 2022 | شمارہ نمبر 5 | جلد نمبر 34

1989ء سے مسلسل اشاعت

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز وایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ
کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 70/-

FAIR TRADE (Pvt) Limted

A Trusted & Reliable Name for Genlune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper<br>Bulleh Shah ( Packages )<br>Crown ( Fazal Paper )<br>Chenab ( A.K Ind. ) | Offset Paper<br>Bleached Board<br>Art Card |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD Little Star Bleach Board

pindo deli paper products

Indah Kiat Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200
PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp

بزنس مین پینل





BMG

بزنس مین گروپ

کراچی و لاہور میں خدمت کے 12 سال

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

tjiwi kimia
paper products
www.tjikimia.co.id

# PAPER THAT WORKS EVERYDAY



## ART PAPER
- 2/S COATED ART PAPER
- SINAR BRAND

EnOva SINAR



## PHOTOCOPY PAPER
- PAPERLINE GOLD
- PAPERLINE
- EXCELPRO
- INTEGRITE
- AONE

PAPERLINE GOLD · ExcelPro · MULTI PURPOSE PREMIUM PAPER PAPERLINE TODAY'S PAPER FOR TOMORROWS' TECHNOLOGY · a1ne



## WOODFREE PAPER
- SINAR ROYAL WHITE WOODFREE PAPER
- EXTRAPRINT PAPER PLUS
- WOODFREE BLUISH WHITE PAPER

eXp EXTRAPRINT LUXURY OFFSET · eXp pplus EXTRAPRINT LUXURY OFFSET · eXp srw EXTRAPRINT LUXURY OFFSET



## SPECIALTY & CARBONLESS PAPER
- CONCORDE CAST COATED PAPER/BOARD
- FOOPAK GRASEPROOF PAPER
- ENZA KRAFT PAER

Impressions CARBONLESS · Ellustra DRAWING PAPER · enza · foopak · CONCORDE



## QUALITY STATIONERY ITEMS
- SINARLINE OFFICE & STATIONERY PRODUCTS MAKE YOUR BUSY SCHEDULE ALL IN ORDER!

SINARLINE



## OTHER PRODUCTS
- OFFSET PRINTING PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- PAPER PLUS
- 1/S CAST COATED BOARD/PAPER
- RECYCLED PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- WOODFREE PAPER

paperplus

## FOR BOOKING CONTACT

IBM™
ISO 9001:2015 CERTIFIED

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT
First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# BIKIYA PAPER MART

we Serve unique
& best quality paper
to build
on brand loyality

IK BLUISH WHITE OFFSET PAPER
THE MAGIC NUMBER 035
THINK OF PAPER THINK OF IK

SINAR ROYAL WHITE
WOODFREE PAPER

pindo deli
paper producs

FajarPaper

tjiwi kimia
paper products

## CONTACT

Shop # 1, Bikiya Manzil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi
phone:021-32620210, 32626021

# BILAL PAPER MART

A Very Famous Name For Indonesian Paper & Board Products

- Coated Duplex Board
- Coated Art Card
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Sticker Paper
- Ivory Card
- Bleach

## CONTACT

Shop # 8, Salma Manzil , Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi 74200

Phone: 021-32626285, 32626391, 32630109





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
پیپر بزنس کراچی
اشاعت: بروز جمعہ
پبلشر حرا رؤف
نے پرنٹر عبدالغفور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا
یہ شمارہ 22 رنگین اور 18 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

رابطہ افس
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

بانی: محمد رؤف
ایڈیٹوریل بورڈ
پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

چارجز
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 010256027140112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

قیمت: 70 روپے

# سندھ ہائی کورٹ نے کسٹم اپیلٹ ٹریبونل کے فیصلوں پر حکم امتناعی کی کسٹم کی درخواست مسترد کردی

## کسٹم اپیلٹ ٹریبونل عدالتی ادارہ ہے اسے توہین عدالت کی کارروائیوں کا بھی اختیار ہے، سندھ ہائی کورٹ میں جج کے ریمارکس

کراچی (پیپر بزنس نیوز) سندھ ہائی کورٹ نے کسٹم حکام کی جانب سے نیویا کوٹڈ رائٹنگ پرنٹنگ پیپر کے سلسلے میں کسٹم اپیلٹ ٹریبونل کے فیصلوں کو معطل کرنے کی درخواست مسترد کردی۔ کسٹم نے اس کی ارجنٹ سماعت کی درخواست کی تھی۔ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ کسٹم اپیلٹ ٹریبونل ایک عدالتی ادارہ ہے اور اسے توہین عدالت کی کارروائیوں کا بھی اختیار حاصل ہے۔ وکیل کسٹم نے موقف اختیار کیا کہ فیصلوں کے خلاف ریفرنس بھی داخل کیا گیا ہے تو عدالت نے ریمارکس دیئے کہ ریفرنس کی کارروائی تو ابھی شروع ہی نہیں ہوئی ہے۔ لہٰذا فوری طور پر اس فیصلے میں مداخلت نہیں کرسکتے۔ ٹریبونل اپنی کارروائی جاری رکھ سکتا ہے۔

# کسٹم اپیلٹ ٹریبونل کے فیصلوں پر عدم عملدرآمد، شوکاز جاری ہوگا

## اے ڈی سی کو پبلک نوٹس جاری کرنے پر کلکٹر کسٹم کو فیصلوں پر عملدرآمد نہ کرنے پر توہین عدالت کی کارروائیوں کا آغاز ہوگیا

کراچی (پیپر بزنس نیوز) کسٹم اپیلٹ ٹریبونل نے نیویا کوٹڈ رائٹنگ پیپر کے سلسلے میں ٹریبونل کے سلمان پیپر پروڈکٹس پرائیویٹ لمیٹڈ اور یونس اینڈ سنز کی اپیلوں پر دیئے جانے والے فیصلوں پر عملدرآمد نہ کرنے پر کلکٹر کسٹم کو اور ٹریبونل کا فیصلہ جاری ہونے کے باوجود پبلک نوٹس نمبر 01/2021 جاری کرنے پر توہین عدالت کی کارروائیوں کا آغاز کرتے ہوئے انہیں شوکاز جاری کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس سلسلے میں 26 جنوری 2022 کو سماعت کے موقع پر ٹریبونل نے قرار دیا کہ کسٹم کو متعدد مواقع فراہم کئے جا چکے ہیں کہ وہ فیصلوں پر عملدرآمد کریں لیکن اب تک وہ نہیں ہوا لہٰذا ایڈیشنل کلکٹر کو عدالتی فیصلے کے برخلاف پبلک نوٹس جاری کرنے اور کلکٹر کسٹم کو فیصلے پر عملدرآمد نہ کرنے پر شوکاز جاری کیا جائے گا۔ اپیل کنندگان کی جانب سے عقیل احمد ایڈووکیٹ ہائی کورٹ پیش ہوئے۔

# چیئرمین اپیما ملک احد امین کے والد، نادرن سرکل کے پہلے صدر ملک محمد امین انتقال کرگئے

لاہور (پیپر بزنس نیوز) چیئرمین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن (اپیما) ممبر فرم اپیما نادرن زون میسر موڈرن امپیکس (لاہور) کے پروپرائیٹر ملک احد امین کے والد اور نادرن سرکل کے پہلے صدر ملک محمد امین 21 جنوری 2022 کو رضائے الٰہی سے انتقال کرگئے۔ مرحوم کی نماز جنازہ نیو گارڈن ٹاؤن، لاہور میں ادا کی گئی۔ دریں اثناء محمد سلیم بیکیا چیئرمین بزنس مین پینل، سینئر وائس چیئرمین اپیما محمد انیس، صدر سدرن زونل کمیٹی سید شاہنواز علی و دیگر عہدیداران و اراکین سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی اور سابق چیئرمین اپیما عبدالمجید میمن نے مرحوم کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ پروردگار مرحوم کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔



لاہور میں 7 مئی 1994 کو منعقد ہونے والے آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن (اپیما) کے پہلے جنرل باڈی اجلاس سے چیئرمین اپیما آر اے ظفر چوہدری مرحوم، وائس چیئرمین اے کیو خلیل، نادرن سرکل کے جنرل سیکریٹری سمیع اللہ بٹ، ریجنل کمیٹی راولپنڈی کے صدر ظفر احمد صدیقی خطاب کررہے ہیں، جبکہ اسٹیج پر سابق جنرل سیکریٹری لاہور پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن (ایل پی ایم اے) اور اپیما کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن خواجہ ادریس احمد شہزاد مرحوم، نادرن سرکل کے سینئر نائب صدر شیخ محمد علی، صدر ملک محمد امین مرحوم (دائرے میں) اور نائب صدر محمد خالد جاوید (بلا) بیٹھے ہیں۔ (پیپر بزنس فائل فوٹو)



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# گتے کی قیمتوں میں 20 فیصد اضافے سے کاروگیٹیڈ کارٹن مینوفیکچررز شدید مشکلات کا شکار ہیں، ذکی اعجاز

لاہور (بزنس نیوز) آل پاکستان کاروگیٹیڈ کارٹن مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کا لاہور چیمبر آف کامرس میں ہنگامی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے چیرمین ذکی اعجاز قریشی کا کہنا تھا کہ صنعت خام مال کی قلت، کاغذ کی قیمتوں میں اضافہ، بجلی کے نرخوں میں اضافہ جیسے مسائل سے دوچار ہے۔تفصیلات کے مطابق آل پاکستان کاروگیٹیڈ کارٹن مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کا لاہور چیمبر آف کامرس میں ہنگامی اجلاس منگل 25 جنوری 2022 کو طلب کیا گیا۔اجلاس کی صدارت چیئرمین ذکی اعجاز قریشی نے کی جبکہ خواجہ طارق محمود سینئر وائس چیئرمین، حاجی فیصل اکرام وائس چیئرمین عدنان خالد بٹ بھی اس موقع پر موجود تھے۔ان کا کہنا تھا کہ وفاقی حکومت پاکستان میں کاروگیٹیڈ صنعت کی سرپرستی کرے۔صنعت خام مال کی قلت، کاغذ کی قیمتوں میں اضافہ، بجلی کے نرخوں میں اضافہ جیسے گمبھیر مسائل سے دوچار ہے۔چیئرمین ایسوسی ایشن نے کہا کہ مقامی پیپر مینوملیں کاغذ کی قیمتوں میں آئے روز اضافہ کر رہی ہے جو صنعت پر بری طرح اثر انداز ہو رہی ہے۔ذکی اعجاز قریشی کا کہنا تھا کہ اب تک گتے کی قیمت میں 20٪ سے زائد اضافہ ہو چکا ہے۔بجلی کے نرخوں میں اضافہ، فیول میں اضافہ، خام مال کی قیمتوں میں اضافہ نے پیداواری لاگت انتہائی حد تک بڑھا دی ہے۔انھوں نے مطالبہ کیا ہے کہ چیئرمین ایسوسی ایشن اور حکومت خام مال {ردی} کی قیمتوں کو کنٹرول کرے تا کہ پیپر مینوفیکچرز اس میں ناجائز منافع کمانے سے باز رہیں۔مزید براں تاجروں نے مطالبہ کیا ہے کہ حکومت ایچ ایس کوڈ ز 1900-4804، 1900-4805، 2400-4805، کے تحت پیپرز کی ایکسپورٹ پر مکمل پابندی عائد کرے۔

## محمود احمد پائی کے والد انتقال کر گئے

کراچی (پیپر بزنس نیوز) انیس الرحمان احمد پائی، منصور، خرم احمد پائی سابق وائس چیئرمین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن اور منیر پائی کے والد 25 جنوری 2022 کو رضائے الٰہی سے انتقال کر گئے۔

# پنجاب حکومت کی جانب سے متحدہ قرآن بورڈ پنجاب کی تشکیل نو

لاہور (پیپر بزنس نیوز) پنجاب حکومت کی جانب سے متحدہ قرآن بورڈ پنجاب کی تشکیل نو کر دی گئی، چیئرمین سنی اتحاد کونسل صاحبزادہ حامد رضا چیئرمین مقرر، ایم ڈبلیو ایم کے 3 مرکزی قائدین بھی بورڈ کے اراکین میں شامل، باقائدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔تفصیلات کے مطابق متحدہ قرآن بورڈ پنجاب کی تشکیل نو کر دی گئی۔سنی اتحاد کونسل کے سربراہ صاحبزاہ حامد رضا کو متحدہ قرآن بورڈ پنجاب کا چیئرمین مقرر کر دیا گیا ہے جبکہ قرآن بورڈ میں 16 علما، ماہرین تعلیم، 7 افسران، چار رضا کار بھی شامل ہیں۔بورڈ میں چاروں مکاتب فکر بریلوی، اہلحدیث، دیوبندی اور اہل تشیع کے علما کو بھی شامل کیا گیا ہے۔متحدہ قرآن بورڈ پنجاب میں شامل شیعہ مکتب فکر کے علماء میں مجلس وحدت مسلمین پاکستان کے سابق مرکزی رہنما و سیکریٹری جنرل پنجاب مولانا مبارک علی موسوی، رکن شوریٰ عالی مولانا حسنین عباس گردیزی، مرکزی رہنما شعبہ خواتین محترمہ معصومہ نقوی، جامعہ بعثت پاکستان کے مولانا حافظ حیدر نقوی جبکہ دیگر مسالک کے علماء میں خواجہ قمر الدین جمالی، مفتی کریم خان، پروفیسر اختر کلثوم، ڈاکٹر عبدالغفور راشد، مولانا فضل رحیم، حافظ عبدالوہاب روپڑی شامل ہیں۔ صاحبزادہ حامد رضا کا کہنا تھا کہ متحدہ قرآن بورڈ کے ممبران کی تعیناتی میں میرٹ کو یقینی بنایا گیا ہے، اللہ تعالی کا شکر ہے کہ ایک سال فعل کی بحث و تمحیص کے بعد ان کا تعین کیا گیا ہے۔چیئرمین قرآن بورڈ کا مزید کہنا تھا کہ بورڈ میں قرآن مجید کے ماہرین شامل ہیں، جنہوں نے کلام الٰہی پر کام کیا ہے، قواعد کے مطابق پہلی بار چاروں اسلامی مکاتب فکر کی ماہر خواتین ممبران بھی شامل کی گئی ہیں۔

# مجرم سے تعلق پر، رئیل اسٹیٹ، جیولرز، اکاؤنٹنٹس کاروبار نہیں کرسکیں گے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایف بی آر نے رئیل اسٹیٹ ایجنٹس، جیولرز اور اکاؤنٹنٹس کے شعبوں کے لئے نئی شرائط عائد کر دیں۔ایف اے ٹی ایف شرائط پر عملدرآمد کرتے ہوئے ایف بی آر نے پراپرٹی ڈیلرز، بلڈرز، ڈویلپرز، جیولرز اور اکاؤنٹنٹس کے لئے لازم قرار دیا ہے کہ کوئی سزا یافتہ مجرم یا مجرم سے کسی طرح کی وابستگی رکھنے والے افراد یہ کاروبار نہیں کرسکیں گے اور سزا یافتہ مجرموں یا ان سے وابستگی رکھنے والے افراد پر نامزد نان فنانشل کاروبار اور پروفیشن کے تحت آنے والے کاروبار کرنے پر پابندی عائد کر دی،، ایف بی آر کے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق انسداد منی لانڈرنگ ایکٹ 2010 کے تحت ایف بی آر انسداد منی لانڈرنگ اور دہشتگردوں تک مالیاتی رسائی روکنے کے لئے نامزد نان فنانشل کاروباروں اور پروفیشنلز ریگولیشنز میں مزید ترمیم کر دی ہے، جس کے تحت رئیل اسٹیٹ ایجنٹس، جیولرز اور اکاؤنٹنٹس کے لئے لازم ہوگا کہ وہ کسی ایسے شخص کو جو سزا یافتہ مجرم ہو یا کسی مجرم کے ساتھ کسی طرح کا بھی تعلق ہو، ایسے سزا یافتہ مجرم یا مجرم کے ساتھ وابستگی رکھنے والے افراد نامزد نان فنانشل کاروبار اور پروفیشنلز (جیولرز، رئیل اسٹیٹ ایجنٹس اور اکاؤنٹنٹس) میں کسی طرح کی ملکیت یا کنٹرول نہ ہو اور نہ ہی ان کو بینفیشل مالک نہیں ہونا چاہئے اور نہ ہی وہ کسی سینئر عہدے یا بورڈ میں کوئی عہدہ دیا جائے، تمام رئیل اسٹیٹ ایجنٹس (پراپرٹی بروکرز، ڈیلرز، ڈیلپرز، بلڈرز)، جیولرز اور اکاؤنٹنٹس، ایسی کسی ملکیت، بینفیشل مالک یا مالکان، سینئر عہدیداران اور بورڈ ممبران کے بارے میں ایف بی آر کو آگاہ کرنے کے پابند ہونگے جو سزا یافتہ مجرم یا مجرم کے ساتھ وابستگی رکھتے ہوں۔

## کرپٹوکرنسی، ملزم کی درخواست ضمانت مسترد، ریفرنس دائر کیا جائے، عدالت عظمیٰ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) عدالت عظمیٰ نے کرپٹوکرنسی کے نام پر شہریوں کے ساتھ 1 ارب 70 کروڑ روپیہ کے فراڈ کے نیب ریفرنس کے ملزم وسیم زیب کی ضمانت کی درخواست خارج کرتے ہوئے قومی احتساب بیورو (نیب) کی کارکردگی سے متعلق ایک بار پھر سوالات اٹھائے ہیں جبکہ جسٹس قاضی محمد امین احمد نے ریمارکس دیئے ہیں کہ اربوں روپے کے فراڈ کے مقدمہ کے ملزمان کیخلاف دو سال میں ریفرنس دائر ہی نہ کرنا نیب کی مجرمانہ غفلت ہے، ریفرنس نیب دائر نہیں کرتا اور ملزمان چھوڑنے کا الزام عدالتوں پر لگ جاتا ہے، جسٹس عمر عطا بندیال کی سربراہی میں جسٹس قاضی محمد امین احمد پر مشتمل دو رکنی بینچ نے منگل کے روز ملزم وسیم زیب کی ضمانت کی درخواست کی سماعت کی تو سپیشل پراسیکیوٹر نیب نے ملزم کی ضمانت کی مخالفت کرتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ ملزم نے فراڈ کے ذریعے شہریوں سے 1 ارب 70 کروڑ روپیہ وصول کر کے کرپٹوکرنسی اکاؤنٹس میں ڈالے ہیں۔جسٹس عمر عطا بندیال نے استفسار کیا کہ کرپٹو کرنسی اور بٹ کوائن کا سنا تو ہے یہ ہوتا کیا ہے؟ جس پر فاضل پراسیکیوٹر نے بتایا کہ کرپٹوکرنسی میں شہریوں کو ان کے پیسوں کے عوض ڈیجیٹل کوائن دیا جاتا ہے۔دوران سماعت ملزم کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ میرے موکل کیخلاف پیسے لینے کا الزام تو ہے لیکن پیسے لینے کی کوئی رسید ابھی تک سامنے نہیں آئی ہے، جس پر پراسیکیوٹر نیب نے کہا کہ کرپٹوکرنسی لینے والے کو رسید نہیں ڈیجیٹل کوائن دی جاتی ہے۔

## نکمت پرنٹرز کے اسلام الدین انتقال کر گئے

(پیپر بزنس نیوز) میسرز نکمت پرنٹرز کے اسلام الدین کورونا کے باعث 22 جنوری 2022 کو رضائے الٰہی سے انتقال کر گئے۔دریں اثنا چیئرمین پاپگائی عزیز خالد نے مرحوم کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# اظہار تعزیت

انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ (IBM) کی ٹیم

چیئرمین، آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن **ملک احد امین** کے

کے والد اور آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن ناردرن زون کے پہلے صدر

جناب **ملک محمد امین** کے انتقال پر

**دلی تعزیت** کا اظہار کرتی ہے اور تمام اہل خانہ کے غم میں برابر کی شریک ہے

اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور ان کے تمام لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ آمین

منجانب: محمد سلیم بیکیا

چیئرمین، بزنس مین پینل آل پاکستان پیپر مرچنٹس سابق چیئرمین، آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM International Business Management
ISO 9001:2015 CERTIFIED

HEAD OFFICE: First Floor, Darul Hina Building, Tayabje Road, Karachi-74000.
UAN : 111-IBM PAK
Tel : +92-2132627061-63
Fax : +92-2132629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com
Web : ibmpakistan.com

Brands of the year Award 2010 IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012





Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking **IBM: 111-426-725**

ANM

# A N M TRADING CO

## Importer : Paper & Paper Board

## Deals in:

**OFFSET PRINTING**
**PAPER I.P.M BRAND**

Folio Sheets, Rolls & A-4,( U.A.E Origin)

**COATED ART PAPER & ART CARD**

1st Floor Bikiya Manzil Faiz Muhammad Fateh Ali Road Karachi-Pakistan
Phone: 021-32628604-32628495 / 0300-2127195 Email: sameed01@hotmail.com

Our Quest Superiority has Made us Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE LINE OF PROFESSSIONALISM

# PAPERLINE

## HI - GRADE
## PREMIUM PAPER

# A4

**21x29.7 cm**
**500 SHEETS**

# 80
**GSM**




BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012

IBM™
ISO 9001.2015 CERTIFIED

## FOR BOOKING CONTACT

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001.2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

A QUALITY PRODUCT BY
APP
WWW.ASIAPULPPAPER.COM
Produced By
PT.Indah Kiat Pulp & Paper Tbk



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725





# CARBONLESS PAPER

## NCR, CFB ,CB ,CF ,SC

Impressions Pindo 2000 is a prenium quality carbonless paper that gives excellent printing and the best intensity performence. Its quality, appearance and the performence are guaranteed to satisfy even the most demanding end user

**For booking please contact**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road
Karachi-74000
UAN: 111-IBM-PAK I Tel: +92-21-32627061-63 I Fax: +92-21-32629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award — ITS ALL ABOUT CHAMPION
Brands of the year Award — 2011-2012




Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.

IBM

&

APL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# کراچی پورٹ کو ملک کے دیگر حصوں سے ملانے کیلئے مال بردار ٹرین سروس کا آغاز

کراچی (نیوز ڈیسک) جنوبی ایشیا پاکستان ٹرمینل کے نام سے شروع کی جانے والی ہچی سن پورٹس پاکستان پر موجود افتتاح کی منتظر چھوٹے بڑے مال بردار کنٹینرز کی طویل قطاروں سے منسلک ٹرین سروس کا آغاز کر دیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق سروس کے افتتاح کے فوری بعد مہمان اس میں سوار ہوئے اور فریٹ ٹرین ہارن بجاتے ہوئے نظروں سے دور ہوگئی۔ توقع کی جارہی ہے کہ اس سے کینٹینرز ٹرکوں کی وجہ سے سڑکوں اور ہائی ویز پر ہونے والے ٹریفک کو کم کیا جا سکے گا، یہ مال بردار ٹرین چار روز میں اپنی منزل لاہور پہنچے گی۔ مال بردار ٹرین سروس ہچیسن پورٹس پاکستان پر بچھائی گئی 3.7 کلومیٹر طویل ہائی ٹیک ٹرین ٹریک سے شروع ہوتی ہے جو پورے ملک میں پھیلے پاکستان ریلوے کے وسیع نیٹ ورک کے ذریعے ملک کے باقی حصوں سے بغیر کسی رکاوٹ سہولت فراہم کرتی ہے۔ یہ نیا ٹریک 700 میٹرز کے تین ریل سائیڈ پر مشتمل ہے جس کے ساتھ ویگن سلائیڈز بھی موجود ہیں، یہ ٹریک کنکریٹ سے بنا ہے بیلاسٹ لیس ہے، جو پاکستان کے روایتی ریلوے ٹریک سے مہنگا لیکن بہتر ہے۔ ٹریک کے تبادلے کے لیے کمپیوٹر پر مبنی انٹرلاکنگ نظام استعمال کیا جارہا ہے اور اسے دستی نظام سے تبدیل کر دیا گیا ہے۔ ربڑ کے پہیوں کی کرینوں کا استعمال کرتے ہوئے اس پر ایک ہی وقت میں تین مال بردار ٹرینیں سفر کر سکتی ہیں اور اس میں مزید ایک اور ٹریک بھی شامل کیا جاسکتا ہے۔ ہچیسن پورٹس پاکستان کے ہیڈ آف بزنس یونٹ اور جنرل منیجر کیپٹن سید راشد جمیل کا کہنا تھا کہ فریٹ ٹرین کے آغاز سے وہ پاکستان کی تجارت میں اپنا تعاون وسیع کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے ملتان، سیالکوٹ اور لاہور میں اپنے پھاٹک لگائے ہیں، جیسے ہی کنٹینر جہازوں سے نکلیں گے انہیں ٹرینوں میں رکھا جائے گا اور صارفین کے لیے فیکٹری گیٹ تک پہنچا دیا جائے گا۔ وفاقی وزیر ریلوے اعظم سواتی کا کہنا تھا کہ پاکستان کے لیے کاروباری مواقع بڑھانے میں مدد کرنا ان کے لیے باعث مسرت ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ پاکستان کے لیے ٹرپل کنٹینر ٹرانسپورٹ ہے، جو آئندہ چھ ماہ میں ریلوے کو پاکستان کو منافع بخش ادارہ بنائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ کراچی پورٹ ٹرسٹ کے تعاون سے پاکستان ریلوے اس فریٹ سروس کے لیے متعدد ٹرمینلز بنائے گا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ مشترکہ مفاد اور مشترکہ اقدار کے ساتھ ہم فائدہ مند بزنس کی جانب بڑھ رہے ہیں۔ اس موقع پر وفاقی وزیر برائے بحری امور سید علی حیدر زیدی کا کہنا تھا کہ مال بردار ٹرین سروس، جنوبی ایشیا پاکستان ٹرمینل کے آغاز کے ساتھ شروع ہو جانی چاہیے تھی۔ انہوں نے کہا کہ افسوس کی بات ہے کہ دنیا کے مقابلے میں ہم اس قدر پیچھے ہیں کہ ہم ان دنوں سیلابی نالوں جیسی بنیادی چیزوں کا افتتاح کر رہے ہیں، لیکن آج کیے جانے والا افتتاح ایک خوش آئند تبدیلی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ کراچی کو بین الاقوامی معیار کا کاروباری مرکز بنانے کی ضرورت ہے، پاکستان کا سارا کاروبار، صنعتیں اور تجارت سب یہیں سے ہوتی ہے، اس شہر اور اس ملک کو تبدیل کرنے کے لیے صرف اچھی حکمرانی کی ضرورت ہے۔ وفاقی وزیر نے اعلان کیا کہ وہ پورٹ قاسم اتھارٹی کو اس فریٹ ٹرین سروس سے بھی جوڑنے کے لیے کام کریں گے۔ گورنر سندھ عمران اسمٰعیل نے کہا کہ دنیا بھر کے بندرگاہی شہر، ملک کی خوشحالی کی ذمہ دار ہوتے ہیں اور کراچی ایک بندرگاہی شہر ہے۔ گورنر نے کہا کہ اس سے قبل پی آئی اے، ریلوے اور پاکستان اسٹیل ملز تھے جن پر پاکستان کو فخر تھا، لیکن اب پی آئی اے خسارے میں چل رہی ہے، پاکستان ریلوے خسارے میں چل رہی ہے اور اسٹیل ملز خزانے پر بوجھ بن رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسا اس لیے ہوا کہ ہمارا ملک غلط ہاتھوں میں چلا گیا تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ اب ہمارے اعظم سواتی اور علی زیدی جیسے ریلوے اور بحری امور کے وزیر ہیں، جو طاقتور ستون ہیں۔

# گل پلازہ اور منظور کالونی فرنیچر مارکیٹ میں پی او ایس سسٹم سے منسلک کرنے میں مزاحمت کا سامنا

کراچی (بزنس ڈیسک) ریجنل ٹیکس آفس ون کی ٹیموں کو نشاندہی شدہ دکانوں کو پوائنٹ آف سیل سسٹم سے منسلک کرنے کی مہم میں تاجروں کی جانب سے مزاحمت کا سامنا کرنا پڑا۔ ایف بی آر کی پوائنٹ آف سیلز سسٹم سے منسلک کرنے کی مہم کے تحت پیر 24 جنوری 2022 کو ریجنل ٹیکس آفس ون کی ٹیموں کو نشاندہی شدہ دکانوں کو پوائنٹ آف سیل سسٹم سے منسلک کرنے کی مہم میں تاجروں کی جانب سے مزاحمت کا سامنا کرنا پڑا تاہم مزاحمت اور احتجاج کے باوجود آر ٹی او ون کی ٹیموں نے اپنی کارروائی جاری رکھی۔ حکام نے بتایا کہ آر ٹی او ون کی ٹیموں نے پوائنٹ آف سیلز کے دائرہ کار میں آنے والی 2 دکانوں کو عدم تعاون پر سیل کر دیا جس میں ایک دکان منظور کالونی فرنیچر مارکیٹ اور دوسری گل پلازہ میں واقع ہے تاہم گل پلازہ میں ایک دکاندار نے تعاون کرتے ہوئے اپنی دکان کو پوائنٹ آف سیلز سسٹم سے منسلک کرلیا۔ حکام نے بتایا کہ آر ٹی او ون کی جانب سے گل پلازہ کی ایسی دکانوں کی نشاندہی کی گئی تھی جو پوائنٹ آف سیلز سسٹم سے منسلک ہونے کے دائرہ کار میں آتی ہیں لیکن پی او ایس مہم کی ٹیم کے پہنچتے ہی غیر متعلقہ دکانداروں کی جانب سے مزاحمت کی گئی جس پر آر ٹی او حکام کو پولیس طلب کرنی پڑی کیونکہ دیگر تاجروں نے گل پلازہ کی بجلی بند کرنے کے ساتھ ہنگامہ آرائی بھی شروع کر دی تھی۔ حکام نے بتایا کہ ایف بی آر کی ہدایات اور چیف کمشنر آر ٹی او ون کے احکامات پی او ایس ٹیم نے پیر 24 جنوری کو کارروائی کرتے ہوئے گل پلازہ کی 3 دکانوں میں سے ایک کو پی او ایس سسٹم سے منسلک کر دیا جبکہ دوسری کو عدم تعاون پر سیل کر دیا۔ حکام کے مطابق تیسری دکان کو بھی سسٹم سے منسلک کیا جائے گا۔ ایف بی آر ٹیم کی روانگی کے بعد گل پلازہ کے دیگر تاجروں نے بطور احتجاج ایم اے جناح روڈ بند کر دی تاہم کچھ ہی دیر بعد احتجاج ختم کر دیا گیا اور سڑک کھول دی گئی۔

# سپریم کورٹ، ایف بی آر کی غیر ضروری قانونی چارہ جوئی وقت کا ضیاع

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) عدالت عظمٰی نے ایف بی آر کی جانب سے غیر ضروری طور پر کی جانیوالی مقدمہ بازی کو وقت کا ضیاع قرار دیتے ہوئے اس پر 20 ہزار روپے جرمانہ عائد کر دیا ہے اور کہا کہ ایف بی آر ٹیکس دہندگان کو قانونی حق سے محروم نہیں رکھ سکتا، ہفتہ 22 جنوری کو جاری کیا گیا سپریم کورٹ کا دو صفحات پر مشتمل فیصلہ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے تحریر کیا ہے جس میں فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی فضول قانونی چارہ جوئی کو وقت کا ضیاع قرار دیتے ہوئے کہا گیا ہے کہ ایف بی آر کی جانب سے کی جانیوالی بے وقت قانونی چارہ جوئی سے ٹریبونل، ہائیکورٹ اور سپریم کورٹ کا وقت ضائع ہوتا ہے، عدالت نے قرار دیا ہے کہ ایف بی آر ٹیکس دینے والے شہریوں کیساتھ قانون کے مطابق شفاف انداز میں معاملات چلائے، فیصلے کے مطابق قانون کے مطابق ٹیکس ادا کرنیوالے شہریوں کو جو قانونی حق ملتا ہے ایف بی آر انہیں اس سے محروم نہیں رکھ سکتا، فضول قانونی چارہ جوئی سے ایف بی آر کے وسائل غیر ضروری طور پر ضائع نہیں ہونے چاہئیں، عدالت نے یہ فیصلہ نجی کمپنی کیخلاف ایف بی آر کی اپیل کی سماعت مکمل ہونے کے بعد جاری کیا ہے جس میں قانون کی سیکشن 66 اے کے مطابق چار سال بعد ادارے/کمپنی کو نوٹس کیا جانا تھا تاہم ایف بی آر نے گیارہ سال بعد نوٹس جاری کیا ہے، اسی بناء پر سپریم کورٹ نے ایف بی آر کی اپیل کو ناقابل سماعت قرار دیتے ہوئے خارج کر دیا اور 20 ہزار روپے جرمانہ کیساتھ کیس نمٹا دیا۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# انڈونیشین بریف کارڈ، آفسیٹ آئی کے، بلیچ بورڈ اور اسٹیکر کی قیمتوں میں کمی، فوٹو کاپی اور آرٹ پیپر میں اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے تیزی کا رجحان دیکھنے میں آیا اور 26 جنوری 2022 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں بریف کارڈ انڈونیشیا میں 10 تا 20 روپے فی کلو، آفسیٹ پیپر آئی کے میں 4 روپے فی کلو، ریل کٹ میں 2 روپے فی کلو، بلیچ بورڈ چائنا ننگبو گولڈ اور ریئل میں 3 روپے فی کلو اور اسٹیکر پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ جبکہ نیویا آرٹ پیپر میٹ، فوٹو کاپی پیپر اور کاربن لیس پیپر امپریشن کی قیمتوں میں اضافہ دیکھا گیا۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو ردو بدل ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ رہی کہ بریف کارڈ انڈونیشیا تمام سائز 120، 150 اور 180 گرام، 300 روپے سے کم ہوکر 280 روپے فی کلو، تمام سائز 210 اور 230 گرام، 300 روپے سے کم ہوکر 290 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 80۔ 90۔ 100۔ 105۔ 113۔ 128 اور 150 گرام، 288 روپے سے بڑھ کر 290 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ کاربن لیس پیپر امپریشن پنڈو 2000 انڈونیشیا، 17x24 سائز 2350 روپے سے بڑھ کر 2400 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا تمام سائز تمام گرام 303 روپے سے کم ہو کر 300 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ ریئل تمام سائز تمام گرام 303 روپے سے کم ہو کر 300 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 264 روپے سے کم ہو کر 260 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آئی کے 035 مشین/ ریل کٹ 70، 75 اور 80 گرام، 255 روپے سے کم ہوکر 253 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آفسیٹ پیپر جاپان کنماری، 23x36 سائز، 70 گرام، 250 روپے سے بڑھ کر 258 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا، پی پی سی براؤن 70 گرام، 630 روپے سے بڑھ کر 635 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی پی سی F4B۔70 70 گرام، 700 روپے سے بڑھ کر 730 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 80 گرام، 720 روپے سے بڑھ کر 730 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4A۔13 .5۔ 70 گرام، 735 روپے سے بڑھ کر 740 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی 70 گرام، A3 سائز 1325 روپے سے کم ہو کر 1320 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 70 گرام، 620 روپے سے کم ہو کر 610 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ میرم دبئ 70 گرام، A4 سائز 610 روپے سے بڑھ کر 615 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک GSF انڈونیشیا، 20x30 سائز، 2750 روپے سے کم ہوکر 2725 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر پاور ٹیک چائنا، 20x30 سائز، 2700 روپے سے کم ہوکر 2650 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز، 2750 روپے سے کم ہوکر 2725 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

# حکومت کی اپنے ہی اداروں پر گرفت نہیں ہے' گڈز ٹرانسپورٹرز

لاہور (نیوز ڈیسک) آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اونرز ایسوسی ایشن کے مرکزی رہنما نعیم احمد شاہ نے کہا ہے کہ حکومت کی اپنے ہی اداروں میں رٹ نہیں ہے، ہمارے آئینی، قانونی اور اخلاقی مطالبہ پر اوورلوڈنگ کا خاتمہ کیا جائے، دوغلی پالیسی کسی صورت قبول نہیں، ہمارا مطالبہ قانونی ہے اس کیلئے ہم آخری حد تک جائیں گے، ہمیں دوبارہ ہڑتال کرنے پر مجبور نہ کیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے محمد اظہر قادری، حاجی محمد عارف، حاجی اظہر سراج، چوہدری گل شیروڑائچ، میاں طاہر محمود، میاں طیب یونس، میاں محسن یونس، میاں عامر مشتاق، میاں سرمد نوید، میاں عامر اکرام، عبدالرحمان وٹو و دیگر سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اسلام آباد ہائیکورٹ کے حکم پر اوورلوڈنگ کے خاتمے اور ایکسل ویٹ لوڈ لمٹ کے قانون پر مکمل عملدرآمد کروانے میں اپنی آئینی اور قانونی ذمہ داری پوری کرنے میں ٹال مٹول سے کام لے رہی ہے، جو عدالتی حکم کی خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم حکومت پر واضح کر دینا چاہتے ہیں اگر حکومت نے ایکسل لوڈ لمٹ کے قانون پر مکمل عملدرآمد کروانے میں اپنی دوغلی پالیسی ترک نہ کی تو ہم انتہائی قدم اٹھانے پر مجبور ہوں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایکسل لوڈ لمٹ کے قانون پر عملدرآمد کروایا جائے اگر حکومت نے اپنا قبلہ درست نہ کیا تو اس کا شدید ردعمل دیں گے۔

☆ مشتہرین توجہ فرمائیں ☆

ہم اپنے کرم فرماؤں بالخصوص مشتہرین سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ اپنی ادائیگیاں بذریعہ کراس چیک بنام "پیپر بزنس" کرنے کی کوشش کریں۔ نقد ادائیگی کی صورت میں وصولی "رسید" لازمی حاصل کریں۔ رسید نہ ملنے کی صورت میں دفتر پیپر بزنس کے اس فون نمبر پر مطلع کریں۔ (ادارہ)

0308-2933229

## بیرون ملک سے آنیوالے کورونا پازیٹیو مسافروں کو گھروں پر قرنطینہ کرنا ہوگا

کراچی (نیوز ڈیسک) بیرون ملک سے پاکستان آنے والے مسافروں سے متعلق ہوائی اڈوں پر کووڈ ٹیسٹنگ پروٹوکول میں تبدیلی کر دی گئی۔ ترجمان سول ایوی ایشن اتھارٹی کے مطابق ریپڈ انٹ یجن ٹیسٹ (آر۔ اے۔ ٹی) میں مثبت کورونا آنے والے مسافروں پر 10 روز کیلئے مخصوص حکومتی قرنطینہ سینٹرز پر رکھے جانے کی شرط فوری طور پر ختم کر دی گئی، مثبت (آر۔ اے۔ ٹی) کے حامل مسافر اپنے اپنے گھروں پر 10 روز کیلئے خود کو ہوم قرنطینہ کریں گے۔

CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# پاکستان سنگل ونڈو نے کام شروع کر دیا، سات بنکوں کو منسلک کیا جا چکا

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) پاکستان سنگل ونڈو کے سی ای او آفتاب حیدر نے کہا ہے کہ وزارت دفاع کے اداروں سمیت ملک کے 74 حکومتی اداروں کو 2024 تک مرحلہ وار پاکستان سنگل ونڈو کے پلیٹ فارم سے منسلک کر دیا جائیگا۔ ملک کے 29 بنکوں کو پاکستان سنگل ونڈو کے ساتھ منسلک کر کے فارم ای اور فارم آئی ختم کر دیئے جائیں گے اب تک سات بنکوں کو منسلک کیا جا چکا ہے، پاکستان سنگل ونڈو نے کام شروع کر دیا ہے، جو کنسائنمنٹ دنوں میں کلیئر ہوتی تھی 10 منٹ سے ایک گھنٹہ میں کلیئر ہوجائے گی، پہلے مرحلے میں پانچ بڑے اداروں سٹیٹ بنک آف پاکستان، ڈیپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن، اینمل کورنٹین ڈیپارٹمنٹ، فیڈرل سیڈ سرٹیفکیشن اور پی ایس کیو سی اے کو منسلک کر دیا گیا ہے۔ اس سے کسٹم اور ریگولیشن سے 60 سے 70 فیصد تجارت اس کے تحت آجائے گی، پانچ اداروں کا افتتاح مارچ میں کر دیا جائیگا۔ خصوصی انٹرویو میں آفتاب حیدر نے کہا کہ پاکستان سنگل ونڈو پروگرام کے قیام کے لیے پارلیمنٹ نے ایکٹ بنایا ہے جس کے تحت پاکستان سنگل ونڈو ایک بااختیار اتھارٹی کے طور پر کام کرے گا اور تمام ادارے تجارت کی حد تک اپنے تمام قوانین، رولز، ریگولیشنز کو پاکستان سنگل ونڈو کے بتائے ہوئے طریقہ کار کے تحت مرتب کرنے کے پابند ہوں گے۔ دسمبر 2023 تک مزید 32 اداروں کو منسلک کرنے کا ہدف ہے۔ تجارت کے لیے کسٹم کی 29 دستاویزات ختم ہوجائیں گی، پہلے جو کنسائنمنٹ کئی دنوں میں کلیئر ہوتی تھی، 10 منٹ سے ایک گھنٹہ میں کلیئر ہوجائے گی۔ ڈیٹا سینٹر کا قیام بھی عمل میں لایا جارہا ہے اس کے لیے ایشیائی ترقیاتی بنک نے ایک کروڑ ڈالر منظور کیے ہیں۔ پاکستان سنگل ونڈو کے قیام کے لیے 6 کروڑ 70 لاکھ ڈالر لاگت آئے گی جس میں سے پانچ کروڑ ڈالر ایشیائی ترقیاتی بنک، برطانیہ 50 لاکھ ڈالر قرضہ دے گا۔ مختلف بندرگاہوں بھی پاکستان سنگل ونڈو سے منسلک کیا جارہا ہے، جس میں کراچی، پورٹ قاسم اور گوادر کی بندرگاہیں شامل ہیں۔ ڈریپ کو بھی سنگل ونڈو سے منسلک کر دیا جائیگا۔ سنگل ونڈو کی ٹریڈ ٹیکنالوجی کے ذریعے انڈر انوائسنگ اور اوور انوائسنگ کا خاتمہ ہوجائے گا دیگر ممالک کا ڈیٹا پاکستان سنگل ونڈو پر دستیاب ہوگا جس سے انڈر انوائسنگ نہیں ہو سکے گی۔ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار والوں کے لیے کہا کہ وہ اب صرف ایک این ٹی این نمبر کے حصول کے بعد اپنی درآمدات اور برآمدات شروع کر سکیں گے۔

# پاکستان سنگل ونڈو سسٹم میں مشکلات، گڈز ڈکلیریشن میں تاخیر

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) بین الاقوامی تجارت سے متعلق ریگولیٹری تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے سہولت فراہم کرنے والا کی جگہ متعارف کرایا جانے والا پاکستان سنگل ونڈو سسٹم امپورٹرز اور ایکسپورٹرز کے لیے مشکلات کا سبب بن گیا۔ بینکوں نے امپورٹرز اور ایکسپورٹرز کو مطلع کیا ہے کہ پاکستان سنگل ونڈو سسٹم میں اندراج میں مشکلات کا سامنا ہے جس کی وجہ سے گڈز ڈکلیریشن کی تیاری تاخیر کا شکار ہے۔ بینکوں نے اپنے ٹریڈ کسٹمرز کو مطلع کیا ہے کہ پاکستان سنگل ونڈو سسٹم رسپانڈ نہیں کر رہا جس کی وجہ سے گڈز ڈکلیریشن (جی ڈی) نہیں بن رہی جو ہر قسم کی درآمدات یا برآمدات کے لیے ایک بنیادی دستاویز ہے۔ پاکستان سنگل ونڈو سسٹم میں کنسائنمنٹس کا اندراج نہ ہونے سے برآمدات اور درآمدات کا عمل متاثر ہونے کا خدشہ ہے جس سے پورٹ کے اندر اور باہر کنسائنمنٹس پھنس جانے کا خدشہ پیدا ہوگیا ہے، پورٹ ٹرمینلز پر اژدھام ہوگا اور جہازوں کی آمدورفت کا شیڈول بگڑنے کے ساتھ حکومت کی ریونیو وصولی میں بھی کمی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ پاکستان سنگل ونڈو پلیٹ فارم کی جانب سے حکومت کو آگاہ کیا گیا ہے کہ امپورٹرز اور ایکسپورٹرز کی جانب سے پریشانی کا شکار کیا جارہا ہے اور ان کے بینکوں کو پی ایس ڈبلیو سے ٹرانزیکشن کرنے میں دشواری کا سامنا ہے۔ پی ایس ڈبلیو کا کہنا ہے کہ زیادہ تر شکایات ایک ہی بنک سے متعلق ہیں جس کے کلائنٹس کی تعداد زیادہ ہونے کی وجہ سے مسئلہ گھمبیر لگ رہا ہے۔ زیادہ تر وہ ٹریڈرز متاثر ہو رہے ہیں جنہوں نے وی بوک سسٹم کے تحت فارم ای اور فارم آئی کو استعمال کیا اور ان کے بینک منتقلی کے طے شدہ دورانیے میں انہیں نئے فارمیٹ پر منتقل نہیں کر سکے۔ پاکستان سنگل ونڈو سسٹم ایک جدید ٹریڈ سسٹم ہے جو تجارت اور ٹرانسپورٹ سے متعلقہ پارٹیز کو امپورٹ، ایکسپورٹ اور ٹرانزٹ ٹریڈ کے لیے درکار ریگولیٹری تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے سنگل انٹری پوائنٹ کے ذریعے دستاویزات اور معلومات کو ایک معیاری طریقے سے سسٹم میں داخل یا درج کرنے کی سہولت فراہم کرتا ہے۔

# سنگل ونڈو سسٹم میں موجود خامیوں کو دور کیا جائے، محمد ادریس

کراچی (بزنس ڈیسک) کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کے زیر اہتمام پاکستان سنگل ونڈو (پی ایس ڈبلیو) پر ایک آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا تاکہ اس اہم سہولت کے مجموعی آپریشنز کے بارے میں تکنیکی آگاہی پیدا کی جاسکے اور شرکاء کو مسائل کو بہتر طور پر سمجھنے اور پاکستان کسٹمز کے متعلقہ افسران سے کے ساتھ مناسب جواب حاصل کرنے کا موقع میسر آسکے۔ سیشن کی نظامت چیف ڈومین آفیسر وایڈیشنل کلیکٹر کسٹم نوید عباس میمن نے کی جبکہ آن لائن زوم سہولت کے ذریعے منعقد کیے گئے سیشن میں کے سی سی آئی کے صدر محمد ادریس، سینئر نائب صدر عبدالرحمان نقی، نائب صدر قاضی زاہد حسین، چیئرمین کسٹمز اینڈ ویلیوایشن سب کمیٹی محمد عارف لاکھانی، سابق سینئر نائب صدر محمد ابراہیم کوسمبی، سابق نائب صدر ناصر محمود، کے سی سی آئی کی منیجنگ کمیٹی اور جنرل باڈی کے اراکین کے علاوہ پاکستان بھر بشمول سیالکوٹ، لاہور، اسلام آباد اور فیصل آباد سے 250 سے زائد افراد نے آن لائن زوم سہولت کے ذریعے شرکت کی۔ چیف ڈومین آفیسر نوید عباس میمن نے سیشن سے خطاب میں کہا کہ پاکستان سنگل ونڈو پورٹل تاجروں کو مکمل طور پر سہولت فراہم کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے تاکہ کاروبار کرنے میں آسانی پیدا کرنے پر بنیادی توجہ کے ساتھ تمام اسٹیک ہولڈرز کے تجربے کو مدنظر رکھ کر معیار کو بہتر بنانے کے علاوہ سرحد پار تجارت میں وقت کی لاگت اور پیچیدگی کو کم کیا جاسکے۔

# اوپن مارکیٹ میں ڈالر کی قیمت خرید 178.80 روپے ہوگئی

کراچی (بزنس ڈیسک) انٹربینک میں روپے کے مقابلے ڈالر مہنگا جبکہ مقامی اوپن کرنسی مارکیٹ میں ڈالر سستا ہوگیا۔ فاریکس ایسوسی ایشن کی رپورٹ کے مطابق منگل 25 جنوری کو انٹربینک میں روپے کے مقابلے ڈالر کی قدر میں 20 پیسے کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا جس سے ڈالر کی قیمت خرید 176.40 روپے سے بڑھ کر 176.75 روپے اور قیمت فروخت 176.60 روپے سے بڑھ کر 176.80 روپے ہوگئی تاہم مقامی اوپن کرنسی مارکیٹ میں ڈالر 20 پیسے سستا ہوگیا جس کے بعد ڈالر کی قیمت خرید 179 روپے سے گھٹ کر 178.80 روپے اور قیمت فروخت 179.50 روپے سے گھٹ کر 179.30 روپے ہوگئی۔ فاریکس رپورٹ کے مطابق یورو کی قدر میں 50 پیسے کی کمی واقع ہوئی جس سے یورو کی قیمت فروخت 201.50 روپے سے گھٹ کر 201 روپے پر آگئی تاہم برطانوی پونڈ کی قیمت خرید 238 روپے اور قیمت فروخت 241 روپے پر بدستور برقرار رہی۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

## اسٹیٹ لائف کے پرنٹنگ واسٹیشنری کے ٹینڈرز

ٹینڈرحوالہ نمبر:P&GS/H&AI/LHR/1/2022
مختلف آئٹمز کی پرنٹنگ
ٹینڈرحوالہ نمبر:P&GS/H&AI/LHR/2/2022
اسٹیشنری آئٹمز
ٹینڈرز کلوزنگ کی تاریخ:4فروری2022ء
برائے رابطہ: انچارج، پرسونل اینڈ جنرل سروسز، انشورنس زون، اسٹیٹ لائف بلڈنگ 15-A، ڈیوس روڈ، لاہور۔
فون:042-99206216

## CTD پنجاب کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈرکلوزنگ کی تاریخ:4فروری2022ء
برائے رابطہ:CTD ہیڈکوارٹر، جیلو پارک، لاہور۔
فون:042-9950757

## NAB کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈرکلوزنگ کی تاریخ:10فروری2022ء

# کاروباری مواقع
# TENDERS

برائے رابطہ: اسسٹنٹ ڈائریکٹر (پروکیورمنٹ) آفس، نیشنل اکاؤنٹیبلٹی بیورو، پی آر سی ایس بلڈنگ، 197/5، ڈاکٹر داؤد پوتا روڈ، کراچی۔
فون:021-99207975

## PASSCO کا اسٹیشنری و پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈرکلوزنگ کی تاریخ:4فروری2022ء
برائے رابطہ: آفس منیجر (کیش)، پاکستان ایگریکلچرل اسٹوریج اینڈ سروسز کارپوریشن لمیٹڈ، ہیڈ آفس، 11۔کشمیر روڈ، لاہور۔
فون:62-042-99201461

## کلیکٹوریٹ آف کسٹمز اپریزمنٹ کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈرکلوزنگ کی تاریخ:7فروری2022ء
برائے رابطہ: ہیڈکوارٹر، جنرل برانچ، کسٹم ہاؤس، جمرود روڈ، پشاور۔

فون:091-9216059

## نیشنل ہائی وے اتھارٹی کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈرکلوزنگ کی تاریخ:2فروری2022ء
برائے رابطہ: ڈپٹی ڈائریکٹر (ایڈمن)، پنجاب نارتھ، شاہ پور انٹرچینج ٹھوکر نیاز بیگ، ملتان روڈ، لاہور۔
فون:042-99232560

## پیسٹ وارننگ اینڈ کوالٹی کا پیپر واسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈرحوالہ نمبر:001/22/stationary
پیپرA4 سائز، 80 گرام، تعداد:430ریم۔
پیپر لیگل سائز، تعداد:50ریم۔
دیگر اسٹیشنری آئٹمز۔
ٹینڈرکلوزنگ کی تاریخ:31جنوری2022ء
برائے رابطہ: ڈپٹی ڈائریکٹر آفس، تیسری منزل، ایگریکلچر ہاؤس، 21۔ڈیوس روڈ، لاہور۔
فون:042-99204371

# شرح سود پونے دس فیصد پر برقرار، مہنگائی جلد کم ہوجائے گی، جاری خسارے میں بہتری کی توقع ہے، اسٹیٹ بینک

کراچی (بزنس ڈیسک) گورنر اسٹیٹ بینک رضا باقر نے پیر 24 جنوری 2022 کو نئی مانیٹری پالیسی کا اعلان کرتے ہوئے دو ماہ کیلئے شرح سود کو برقرار رکھنے کا اعلان کیا۔ گورنر اسٹیٹ بینک رضا باقر نے پریس کانفرنس میں اعلان کرتے ہوئے کہا کہ نئی مانیٹری پالیسی میں شرح سود 9 اعشاریہ 75 پر برقرار رہے گی، انہوں نے بتایا کہ مہنگائی کم کرنے اور پائیدار معاشی ترقی کیلئے اقدامات اٹھارہے ہیں، قلیل مدت میں مہنگائی کی شرح میں کچھ اضافہ ہوگا مگر آہستہ آہستہ استحکام آجائیگا، معاشی نمو مستحکم ہے، جاری خسارے میں بہتری کی توقع ہے، اس سال کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 13 سے 14 ارب ڈالر رہنے کا امکان ہے، ہماری پالیسی کا محور مہنگائی کو 5 سے 7 فیصد کے درمیان رکھنا ہے، جی ڈی پی نمو 5 فیصد سے کم ہوکر 5.4 فیصد رہے گی، تیل کی عالمی منڈی میں قیمت بڑھنے پر ذخائر پر دباؤ آئیگا، مہنگائی کی شرح زیادہ ہے، اگلے برس کمی آئیگی، مہنگائی کو کنٹرول کرنے کیلئے انتظامی امور بہتر کر لیے گئے ہیں، مڈل مین کا شرح منافع بہت زیادہ ہے۔ رضا باقر نے کہا کہ ستمبر میں شرح سود اور بینک کے نقد کے ریزرو کو پانچ سے چھ فیصد بڑھایا گیا تھا، اسکے علاوہ کنزیومر بہتر بنانے کیلئے کچھ اقدامات کیے گئے تھے جسکے تحت آٹو فنانس کے قرض کو کم کیا گیا اور ایڈوانس کی رقم کو بڑھایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ دسمبر میں مانیٹری پالیسی کمیٹی کے اجلاس میں لیے گئے فیصلوں کے حوالے سے ہم دیکھنا چاہتے تھے کہ انکے کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں اور اسکے بعد ہی پالیسی ریٹ کے بارے میں کوئی فیصلہ کرنے کی بات ہو گی۔ گورنر اسٹیٹ بینک نے گزشتہ دو ماہ میں ہونے والی پیشرفت سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ ڈیمانڈ گروتھ میں تبدیلی آ رہی ہے اور یہ پائیدار رہے گی، سالانہ بنیادوں پر مہنگائی اوپر ہی رہے گی کیونکہ بین الاقوامی منڈی میں تیل اور دیگر اشیا کی قیمتیں بہت بڑھی ہوئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی کا تخمینہ ہم نے کم لگایا ہے، ستمبر میں لارج اسکیل مینوفیکچرنگ کی گروتھ 2.5 فیصد تھی اور نومبر میں اسکی گروتھ صفر فیصد ہے، اس کا مطلب ہے کہ کچھ کمی آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پہلے جس رفتار سے ہمارے معاشی سرگرمیوں کے اشاریے بڑھ رہے تھے اس میں کچھ بہتری آئی ہے اور وہ یہ بتا رہی ہے کہ ہماری شرح نمو پائیدار رہی۔ رضا باقر نے کہا کہ سالانہ بنیادوں پر مہنگائی 12.3 فیصد رہی لیکن اگر گزشتہ مہینے کے مقابلے میں دیکھا جائے تو مہنگائی کا تسلسل کم ہو رہا ہے کیونکہ نومبر میں مہنگائی کی شرح تین فیصد تھی لیکن دسمبر میں بھی قیمتیں وہی رہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا تجارتی خسارے جس رفتار سے بڑھ رہا تھا اب اس میں کچھ بہتری آ رہی ہے اور ہمیں امید ہے کہ یہ تھوڑا کم ہونا شروع ہوگا، پچھلے دو ماہ یہ کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 1.9 ارب ڈالر رہا اور مزید نہیں بڑھا۔ انہوں نے کہا کہ اس سال کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 13 سے 14 ارب ڈالر رہنے کا امکان ہے جو جی ڈی پی کا چار فیصد بنتا ہے لیکن اگر پیٹرولیم مصنوعات کے بغیر تجارتی خسارہ دیکھا جائے تو اسے سرپلس دیکھ رہے ہیں اور یہ خسارہ تیل کی قیمتیں بڑھنے کی وجہ سے ہے۔ انہوں نے کہا کہ فنانس سپلیمنٹری ایکٹ 2022 کی منظوری کی بدولت بجٹ خسارہ کم ہوگا اور ڈیمانڈ گروتھ بھی بہتر ہوگی جس سے مہنگائی کم ہونے کی توقع ہے، اسی لیے ہم نے مالی سال 2023 میں کم مہنگائی کی پیش گوئی کی ہے۔ گورنر اسٹیٹ بینک نے کہا کہ ان چار نکات پر غور کرنے کے بعد ہم اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ مہنگائی میں کمی آئے گی اور جی ڈی پی کی شرح نمو پائیدار رہے گی۔ گورنر اسٹیٹ بینک نے کہا کہ ہماری پیش گوئی تھی کہ شرح نمو 4 سے 5 فیصد کے درمیان رہے گی لیکن معاشی سرگرمیوں کے اشاریے کم اور پچھلے مالی سال کی شرح نموز یادہ ہونے کی وجہ سے جی ڈی پی کی شرح نمو 4.5 فیصد ہوگی۔ رضا باقر نے کہا کہ مہنگائی کی رفتار تھمنے کی امید ہے، ماہانہ بنیاد پر قیمتوں میں استحکام دیکھا گیا اور بینک تجارتی خسارہ کم ہونے کی توقع ہے۔


توجہ فرمائیے
پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور اشتہارات کی بکنگ کیلئے ابھی رابطہ کریں۔
0308-2933229





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# حکومت پاکستانی کرنسی میں افغانستان کے ساتھ تجارت کی اجازت دے، ہاشم اچکزئی

